بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا محمد ﷺ مصطفٰے خیر الانام

خَلق کے آقا رسولوں کے امام یا محمد مصطفٰے خیر الانام
آ گئے ہیں آپ کے در پر غلام یا محمد مصطفٰے خیر الانامؐ

رنج دل سے دُور اب جانے کو ہے منزلِ لطف و کرم آنے کو ہے
رہ گیا ہے روضۂ آقاؐ دو گام یا محمد مصطفٰے خیر الانامؐ

آپؐ ہی کے ذکر سے روشن جہاں آپؐ ہی کی نعت ہیں کون و مکاں
آپؐ خورشیدِ حرا، ماہِ تمام یا محمد مصطفٰے خیر الانامؐ

سائرِ ہفت آسماں، عرشِ بریں آپ کا ثانی شہا! کوئی نہیں
بالاتر سے بالا ہے اعلیٰ مقام یا محمد مصطفٰے خیر الانام

مجتبیٰ کے دل نشیں انداز نے ساقیٔ کوثر کی چشمِ ناز نے
توڑ ڈالے نخوت و نفرت کے جام یا محمد مصطفٰے خیر الانام

آپ کی ہر بات ہے وحیٔ خدا آپ نے جو بھی کہا پورا ہُوا
بات ہے رب کی محمدؐ کا کلام یا محمد مصطفٰے خیر الانام

آپ ہیں حسنِ ابد، نورِ ازل آپ ہیں سِرِ خدائے لَم یزل
باعثِ کُن آپ کا حسنِ تمام یا محمد مصطفٰے خیر الانامؐ

پاک باطن، پاک طینت، باصفا عائشہؓ ماں کے لیے ہے یہ دعا
قُربِ حق حاصل رہے ان کو مُدام یا محمد مصطفٰے خیر الانامؐ

سینے میں جو دولتِ ایمان ہے مُرشدِ کامل کا یہ احسان ہے
اور ہے حُبِ نبیؐ دِل میں دَوام یا محمد مصطفٰے خیرالانامؐ

کیوں نہ ہم عزت کریں اُستاد کی طاعتِ آقا ہے جن کی زندگی
ہم کو سِکھلایا نبی کا احترام یا محمد مصطفٰے خیرالانامؐ

یا رسول اللہ! اِک چشمِ کرم دو جہاں میں آپ ہی میرا بھرم
آپ پر بھیجوں میں روز و شب سلام یا محمد مصطفٰے خیرالانامؐ

اپنے حامدؔ پر بھی آقا اک نظر زندگی ہو ذکرِ نوری میں بسر
آپ کی نسبت سے پائے یہ بھی نام یا محمد مصطفٰے خیرالانامؐ

☆

سیّد حامدؔ یزدانی

رمضان المبارک ۱۴۳۵ھ